**24.05.2026**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ............. عبدالواحد

**Music**

---

☆ بھارت اور امریکہ نے نئی دلّی میں اعلیٰ سطح کی بات چیت میں تجارتی معاہدے، توانائی کی یقینی فراہمی اور ایک دوسرے کے یہاں آمد ورفت کو، تعاون کے اہم شعبوں کے طور پر گردانا ہے۔

☆ BJP امیدوار دیبانگشو پانڈا نے مغربی بنگال کے Falta اسمبلی حلقے کیلئے دوبارہ کرائی گئی پولنگ میں ایک لاکھ سے زیادہ ووٹوں سے، زبردست کامیابی حاصل کی ہے۔ TMC امیدوار کی ضمانت ضبط ہوگئی ہے۔

☆ مغربی بنگال سرکار نے سبھی ضلع مجسٹریٹس کو ہدایت دی ہے کہ وہ مشتبہ غیر قانونی، غیر ملکی افراد کیلئے حراستی مرکز قائم کریں۔

☆ حکومت نے CBSE کے پرچے، دوبارہ جانچنے سے متعلق پورٹل کی خامیاں دور کرنے کیلئے IIT مدراس اور IIT کانپور کے ماہرین کی خدمات حاصل کی ہیں۔

☆ وسطی اور شمال مغربی بھارت میں شدید گرمی کے سبب معمول کی زندگی متاثر ہوئی ہے۔ اگلے 7دن تک یہی صورتحال برقرار رہنے کا امکان ہے۔

☆ اور ویتنام میں 23سال تک کی عمر والی ایشیائی کُشتی چمپئن شپس میں بھارتی پہلوانوں نے سونے کے تین، چاندی کے دو اور کانسے کے تین تمغے حاصل کئے ہیں۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

***EAM Rubio Talks***

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر اور امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے آج نئی دلّی میں وسیع موضوعات پر بات چیت کی۔ دونوں رہنماؤں نے بھارت–امریکہ دفاعی شراکت داری کی طاقت کا ایک بار پھر ذکر کیا اور تجارت، توانائی، نقل وحمل نیز علاقائی سلامتی سمیت تعاون کے اہم میدانوں کا خاکہ پیش کیا۔

وفد کی سطح کی بات چیت کے بعد ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر جے شنکر نے جلد از جلد ایک تجارتی معاہدے کی تکمیل کی ضرورت کو اجاگر کیا، توانائی کی تجارت میں توسیع کا خیر مقدم کیا اور زور دے کر کہا کہ مختلف قسم کی توانائی سپلائی، بھارت میں توانائی کی دستیابی کو یقینی بنانے کیلئے اہم ہے۔

ایران کے ساتھ تنازعہ کے بارے میں جناب جے شنکر نے کہا کہ بھارت اور اقوام متحدہ کو، اِس بات کو یقینی بنانے میں کافی دلچسپی ہے کہ توانائی کی عالمی قیمتیں، کم رہیں۔ انھوں نے مذاکرات، سفارتی کوششوں، محفوظ اور بلارکاوٹ سمندری تجارت کے حق میں، بھارت کے موقف کو بھی ایک بار پھر دوہرایا۔

انھوں نے یہ بھی اشارہ دیا کہ بھارت، دنیا کے اُن چند ملکوں میں سے ایک ہے، جس کے تعلقات امریکہ، اسرائیل، ایران نیز دیگر خلیجی ملکوں کے ساتھ مضبوط ہیں۔ انھوں نے یہ بات دوہرائی کہ بھارت، خطے میں امن واستحکام، بیرونِ ملک بھارتی برادری کی فلاح اور توانائی کی قیمتیں کم چاہتا ہے۔

ڈاکٹر جے شنکر نے عوام سے عوام کے درمیان رشتوں کو اجاگر کیا اور کہا کہ قانونی طور پر کی جانے والی آمد ورفت پر کوئی منفی اثر نہیں پڑنا چاہیے۔

امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے شراکت داری کے دفاعی پہلوؤں کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ انھوں نے بھارت کو دنیا میں امریکہ کے سب سے اہم شراکت داروں میں سے ایک قرار دیا۔ انھوں نے یہ بھی کہ بھارت اور امریکہ اُن سبھی اہم معاملات پر دفاعی طور پر متفق ہیں، جن سے نئی صدی کی وضاحت ہوتی ہے۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ دونوں ملکوں نے دہشت گردی کے نتائج برداشت کئے ہیں۔ انھوں نے یہ بات بھی زور دے کر کہی کہ امریکہ نے دنیا میں کسی بھی ملک کے ساتھ تعلقات، بھارت کے ساتھ اُس کے دفاعی اتحاد کی قیمت پر نہیں کئے ہیں۔امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو، کواڈ وزراء خارجہ کی میٹنگ میں شرکت کیلئے کَل بھارت کے چار روزہ دورے پر آئے ہیں۔ یہ میٹنگ اِس مہینے کی 26 تاریخ کو منعقد ہوگی۔x

## NSA Doval Rubio

قومی سلامتی کے مشیر اجیت ڈوبھال نے آج نئی دلّی میں امریکی وزیرخارجہ اور قومی سلامتی کے مشیر مارکو روبیو سے ملاقات کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزارتِ خارجہ نے بتایا کہ دونوں رہنماؤں کے درمیان بات چیت میں دفاع، سلامتی اور دفاعی ٹیکنالوجی کے شعبوں میں تعاون پر توجہ مرکوز کی گئی، جن میں TRUST پہل بھی شامل ہے۔ وزارت نے مزید بتایا کہ قومی سلامتی کے دونوں مشیروں نے دوطرفہ جامع عالمی دفاعی شراکت داری کے مطابق اعلیٰ ترجیحات کا ایک بار پھر ذکر کیا۔ انھوں نے مقامی اور عالمی معاملات پر تبادلہ خیال کیا۔x

## WB Falta Result

مغربی بنگال میں بھارتیہ جنتا پارٹی کے امیدوار دیوبانگشو پانڈا نے فالٹا اسمبلی سیٹ کیلئے دوبارہ ہوئی پولنگ میں زبردست جیت حاصل کی ہے۔ جناب پانڈا نے ایک لاکھ 9ہزار سے زیادہ ووٹوں جیت درج کی ہے۔ یہ سیٹ، ترنمول کانگریس کا اہم گڑھ تصور کی جاتی ہے۔ مغربی بنگال اسمبلی انتخابات کے دوران ووٹنگ میں بڑے پیمانے پر مبینہ دھاندلی کے واقعات کے بعد 21 مئی کو دوبارہ پولنگ کرائی گئی۔

فالٹا سیٹ جیتنے کے بعد 294 نشستوں والی اسمبلی میں اب BJP کے اراکین کی تعداد 208 ہوگئی ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ .........

## VC Kalyan Laha

ترنمول کانگریس کے مبینہ ڈائمنڈ ہاربر ماڈل کو توڑتے ہوئے BJP نے آج فالٹا اسمبلی سیٹ پر دوبارہ ہوئی پولنگ میں ایک نیا ریکارڈ قائم کیا۔ پارٹی کے امیدوار دیوبانگشو پانڈا نے اپنے قریبی حریف CPI-M کے شمبھو ناتھ کُرمی کو ایک لاکھ 9ہزار سے زیادہ ووٹوں کے بھاری فرق سے ہرا کر یہ سیٹ جیت لی۔ شمبھو ناتھ کُرمی کو 40ہزار 645ووٹ ملے، جبکہ دیوبانگشو پانڈا کو ایک لاکھ 49ہزار 666ووٹ ملے۔ ترنمول کانگریس کے امیدوار جہانگیر خان، 7ہزار 783ووٹ پا کر چوتھے مقام پر رہے۔ ان کی ضمانت ضبط ہوگئی، جبکہ کانگریس تیسرے مقام پر رہی۔

کولکاتہ سے کلیان لاہا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں اسلم بیگ

## ***WB Holding Centres***

مغربی بنگال حکومت نے سبھی ضلع مجسٹریٹس کو ہدایت دی ہے کہ وہ اُن مشتبہ غیرقانونی، غیر ملکیوں نیز غیرملکی قیدیوں کیلئے حراستی مرکز قائم کریں، جنھیں وزارت داخلہ کے رہنما خطوط کے مطابق جلا وطن کیا جانا ہے یا اُن کے وطن واپس بھیجا جانا ہے۔

داخلی اور پہاڑی امور کے محکمے کی طرف سے جاری ایک سرکاری اعلامیے کے مطابق، ضلعوں سے کہا گیا ہے کہ وہ اُن افراد کو، اِن مرکزوں میں بھیجنے کیلئے ضروری اقدام کریں جن کی شناخت ملک میں غیر قانونی طور پر رہنے والوں کی حیثیت سے کی گئی ہے۔ اِن میں وہ لوگ بھی شامل ہیں جن کی قید کی مدت پوری ہوگئی ہے اور اُنھیں جلا وطن کیا جانا ہے۔ہدایت نامے میں حکام سے کہا گیا ہے کہ وہ اُن بنگلہ دیشی شہریوں اور روہنگیا افراد کو جلا وطن کرنے اور اُن کے وطن واپس بھیجنے کیلئے وزارت داخلہ کے طریقِ کار کے مطابق کارروائی کریں جو بھارت میں غیر قانونی طور پر رہ رہے ہیں۔x

## ***Pradhan CBSE***

تعلیم کے مرکزی وزیر دھرمیندر پردھان نے امتحان کے پرچوں کو دوبارہ جانچنے کے عمل کی خامیوں کو دور کرنے کیلئے CBSE کی مدد کی غرض سے IIT مدراس اور IIT کانپور کے پروفیسرز اور تکنیکی ماہرین کی ایک ٹیم تعینات کرنے کی ہدایت دی ہے۔ یہ فیصلہ CBSE کے نتائج کے بعد کی خدمات سے متعلق پورٹل کے بارے میں طلبا اور والدین کی طرف سے ظاہر کی گئی تشویش کے پیش نظر کیا گیا ہے۔

تعلیم کی وزارت نے ایک بیان میں کہا کہ IITs کے ماہرین کی یہ ٹیم، نظام میں تکنیکی بہتری لانے نیز خاص طور پر امتحان کے پورٹل کے استحکام اور سرور کی کارکردگی کو تکنیکی طور پر بہتر بنانے کیلئے کام کرے گی۔x

## ***Pradhan Nirmala Meeting***

وزیر تعلیم دھرمیندر پردھان نے CBSE کے نتائج اور دوبارہ جانچ کے عمل کے دوران طلباء کے سامنے پیش آنے والے تکنیکی اور ادائیگی سے متعلق مسائل پر مالیات اور کارپوریٹ امور کی وزیر نرملا سیتا رمن سے آج بات

چیت کی۔ وزارت تعلیم نے کہا کہ بات چیت کے دوران یہ فیصلہ لیا گیا کہ اسٹیٹ بینک آف انڈیا، بینک آف بڑودا، کینیرا بینک اور انڈین بینک، ادائیگی کے بنیادی ڈھانچے اور امتحان کے بعد کی خدمات سے متعلق پورٹل کے ساتھ ضروری انضمام میں CBSE کی مدد کریں گے۔ وزارت نے کہا کہ بینک، وقت پر ادائیگیوں کو یقینی بنانے، ادائیگیوں میں آنے والے خلل کو روکنے اور اضافی ادائیگیوں کی خود کار واپسی کیلئے CBSE کو بڑے پیمانے پر ادائیگیوں سے متعلق ضوابط نافذ کرنے کے قابل بنائیں گے۔ جناب پردھان نے CBSE کو ہدایت دی کہ وہ اپنے ادائیگی سے متعلق گیٹ وے نظام کو مکمل طور پر درست کریں۔x

***IMD Weather***

گرمی کی شدت نے وسطی اور شمال مغربی بھارت کے بڑے حصے میں معمولاتِ زندگی کو درہم برہم کر دیا ہے۔ کئی علاقے خشک ہواؤں اور شدید گرمی کا سامنا کر رہے ہیں، جس سے لوگ دوپہر کے اوقات میں گھر کے اندر رہنے پر مجبور ہوگئے ہیں۔

قومی راجدھانی دلّی بھی شدید گرمی کی زَد میں ہے۔ آج قومی راجدھانی خطے کے بیشتر علاقوں میں درجۂ حرارت 44ڈگری سیلسیس کے آس پاس ریکارڈ کی گئی۔

صحت حکام نے لوگوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ زیادہ سے زیادہ پانی پئیں، دوپہر میں گھر سے باہر نکلنے سے گریز کریں نیز بچوں اور بزرگوں کا خاص خیال رکھیں۔

محکمۂ موسمیات کے مطابق اگلے سات روز تک وسطی اور شمال مغربی بھارت میں گرمی کی صورتحال برقرار رہے گی۔ اِس میں کسی طرح کی راحت کی کوئی امید نہیں ہے۔

محکمۂ موسمیات نے کل، اترپردیش، مشرقی مدھیہ پردیش اور وِدربھ خطے میں شدید گرمی کی پیشگوئی کی ہے، جبکہ اروناچل پردیش، سکّم، بنگال کے ہمالیائی علاقے، آسام اور میگھالیہ میں کل، شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ x

***Rev. MP Heatwave***

مدھیہ پردیش شدید گرمی کی لپیٹ میں ہے۔ پوری ریاست میں گرم ہوائیں چل رہی ہیں اور کئی شہروں یں درجۂ حرارت 43ڈگری سیلسیس سے تجاوز کرگیا ہے۔ محکمۂ موسمیات نے متعدد اضلاع میں ریڈ، اورینج اور ایلو الرٹ جاری کیا ہے۔ گرمی کی شدت مزید چند روز تک جاری رہنے کا امکان ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ .........

**VC Abhinav Goel**

مدھیہ پردیش کو اس وقت شدید گرمی کا سامنا ہے۔ بیشتر شہروں میں درجۂ حرارت 43ڈگری سیلسیس سے تجاوز کرگیا ہے۔ آج محکمۂ موسمیات نے چار اضلاع، ٹیکم گڑھ، چھترپور، پنّا اور ستنا کیلئے شدید گرمی کی وجہ سے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ دَتیّا، نیواڑی اور ساگر سمیت گیارہ اضلاع کیلئے Orange الرٹ جاری کیا گیا ہے، جبکہ گوالیار، جبل پور اور اجیّن سمیت 22اضلاع کیلئے Yellow الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ اس طرح ریاست کے 37

اضلاع، گرمی کی شدت سے جوجھ رہے ہیں۔ محکمہ موسمیات کے مطابق کم از کم اگلے چار روز تک شدید گرمی سے راحت کا کوئی امکان نہیں ہے۔ لوگوں کو مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ دوپہر کے وقت باہر نکلنے سے گریز کریں، بہت زیاد پانی پییں نیز بچوں اور بزرگوں کو خصوصی نگہداشت میں رکھا جائے۔

بھوپال سے ابھینو گوئل کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں فرقان خان

## Maha Heatwave

مہاراشٹر میں امراوتی، وَردھا اور چندرپور ضلعوں میں شدید گرمی کے پیش نظر منگل تک کیلئے ریڈ الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ اِسی مدت کے دوران، اکولہ، ناگپور اور گڈچرولی ضلعوں کیلئے بھی اورینج الرٹ جاری کیا گیا ہے۔

مقامی محکمہ موسمیات نے بُلڈھانا اور Washim ضلعوں کے زیادہ تر حصوں میں زیادہ درجہ حرارت کی پیشگوئی کی ہے۔x

## Karnatak Drowning

کرناٹک کے ایک کنبے کے آٹھ افراد، جن میں 7خواتین تھیں، آج اُترکنڑ ضلع میں تتّے ہلّالو دریا میں ڈوب گئے۔ یہ لوگ تازہ پانی کی سیپیاں چن رہے تھے کہ تیز ہوا کی وجہ سے بہہ کر دریا میں چلے گئے۔x

## Prez VP PM Karnataka Incident

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن اور وزیر اعظم نریندر مودی نے کرناٹک کے اُترکنڑ ضلع میں لوگوں کے ڈوب جانے کے حادثے پر رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔

وزیر اعظم نے اِس حادثے میں مرنے والوں کے کنبوں کے تئیں تعزیت کا اظہار کیا ہے اور متاثرین کی جلد صحتیابی کی دعا کیلئے ہے۔ جناب مودی نے مرنے والوں کے لواحقین کیلئے وزیر اعظم کے قومی ریلیف فنڈ سے دو–دو لاکھ روپئے کی امدادی رقم کا اعلان کیا ہے۔x

## PM Twisha Death Case

آل انڈیا انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز دلّی کی ایک چار رکنی میڈیکل ٹیم نے، بھوپال میں ماڈل سے اداکارہ کا پیشہ اختیار کرنے والی Twisha Sharma کا دوسری بار پوسٹ مارٹم کیا۔ یہ پوسٹ مارٹم سخت حفاظتی بندوبست کے دوران تقریباً تین گھنٹے تک جاری رہا۔

قانونی طریقِ کار مکمل کرنے کے بعد Twisha کا جسد خاکی اُن کے کنبے کے سپرد کردیا گیا اور اُن کی آخری رسوم بھوپال میں بَھدبَھدا Crematorium میں ادا کی گئیں۔

33سالہ Twisha کی موت، بھوپال میں اُن کے مائیکے میں ہوگئی تھی اور اُن کے کنبے نے اُن کی سسرال والوں پر، جہیز کیلئے ہراساں کرنے نیز اُنھیں خودکشی پر اکسانے کے الزامات عائد کئے ہیں۔

پولیس نے Twisha کے شوہر سامرتھ سنگھ کے خلاف ایک FIR درج کرلی ہے جو خود وکیل ہیں، اُن کی ساس گری بالا سنگھ، سابق ضلع جج ہیں، اُن پر بھی جہیز کیلئے ہراساں کئے جانے کے الزامات ہیں۔x

## Bahrin Court IRGC

بحرین کی ایک عدالت نے 9لوگوں کو عمر قید اور دیگر 2افرد کو 3سال کی جیل کی سزا سنائی ہے۔ ان افراد پر ایران کی سپاہِ پاسدارانِ انقلاب اسلامی سے معاونت کرنے کا الزام تھا، جسے حکام نے ملک کے خلاف سازش اور ایک دہشت گردانہ عمل قرار دیا تھا۔ بحرین کی سرکاری میڈیا کے مطابق یہ افراد حساس مقامات کے بارے میں معلومات جمع کرنے اور اس سے متعلق پیسوں کے لین دین میں مدد کرنے میں شامل تھے۔ بحرین کی وزارت داخلہ نے اس ماہ کی 9تاریخ کو بتایا تھا کہ اس نے ایسے 41افرا کو گرفتار کیا ہے، جن کے مبینہ طور پر ایران کے سپاہِ پاسدارانِ انقلابِ اسلامی سے روابط تھے۔ x

## Rev. Wrestling

23سال تک کی عمر والی ایشیائی کُشتی چمپئن شپ میں بھارت کی پہلوانوں نے اپنی عمدہ کارکردگی جاری رکھتے ہوئے آج ویتنام کے شہر Da Nang میں سونے کے تین، چاندی کے دو اور کانسے کے تین تمغے جیتے۔

خواتین کے فری اسٹائل مقابلوں میں مانسی لاٹھیرا اور کاجل ڈُھوچک نے سونے کے تمغے، سویٹی اور نیہا سانگوان نے چاندی کے تمغے، جبکہ Ahliya شندے نے کانسے کا تمغہ جیتا۔

مردوں کے گریک رومن زمرے میں سُمت دلال نے سونے کا تمغہ جیتا، جبکہ نیرج پٹیل اور روہت Bura نے کانسے کا تمغہ اپنے نام کیا۔ x

## Pak Blast

پاکستان کے بلوچستان صوبے میں آج ایک ریل لائن پر طاقتور دھماکہ ہونے سے کم از کم 24افراد کی موت ہوگئی، جبکہ کئی لوگ زخمی ہوئے۔ یہ دھماکہ راجدھانی کوئٹہ میں چمن پھاٹک ریلوے اسٹیشن کے نزدیک ہوا۔ اِس دھماکہ میں ایک ریل گاڑی کو جزوی نقصان پہنچا، جبکہ علاقے میں کھڑی ہوئی 10موٹر گاڑیوں کو بھی نقصان ہوا۔اِس واقعے کے بعد، پورے کوئٹہ شہر کے سرکاری اسپتالوں میں ایمرجنسی کا اعلان کردیا گیا ہے اور صورتحال سے نمٹنے کیلئے ڈاکٹروں اور طبی عملے کو طلب کیا گیا ہے۔

ریلوے حکام کے مطابق، اِس دھماکہ کے بعد احتیاطی اقدام کے طور پر پیشاور جانے والی جعفر ایکسپریس کو کوئٹہ ریلوے اسٹیشن پر روک دیا گیا۔x

## US Shooting

امریکہ کے صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے وہائٹ ہاؤس کے نزدیک گولیاں چلنے کے واقعے کے بعد تیزی کے ساتھ

کارروائی کرنے پر قانون نافذ کرنے والے حکام اور خفیہ سروس کے اہلکاروں کا شکریہ ادا کیا ہے۔ سوشل میڈیا پوسٹ پر، صدر ٹرمپ نے کہا کہ مشتبہ شخص کی پُرتشدد تاریخ رہی ہے اور یہ واقعہ واشنگٹن میں سکیورٹی سے وابستہ گولی باری کے ایک اور حالیہ واقعے کے چند روز بعد پیش آیا ہے۔

خفیہ سروس کے مطابق ایک شخص نے **17th Street** اور **Pennsylvania Avenue** پر وہائٹ ہاؤس سکیورٹی جانچ چوکی کے نزدیک گولی چلائی، جس کے بعد وہاں موجود سکیورٹی افسروں نے جوابی فائرنگ کی۔

اِس کارروائی میں مشتبہ شخص کو گولی لگی۔ اُسے اسپتال لے جایا گیا اور بعد میں اُس کی موت ہوگئی۔ جس وقت یہ واقعہ پیش آیا، صدر ٹرمپ وہائٹ ہاؤس میں ہی موجود تھے۔

حالیہ ہفتوں میں امریکی صدر کے نزدیک گولیاں چلنے کا یہ اِس طرح کا تیسرا واقعہ ہے۔ **x**

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆